1031

Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

II - Semester Examination May - 2015

Paper : 7 - Urdu Ghazal

ساتواں پرچہ : اردو غزل

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

1. تمام سوالات لازمی ہیں۔ صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ **1x10=10**

1) نصر اللہ بیگ کا غالب سے کیا رشتہ تھا؟

(الف) بھائی (ب) ماموں (ج) چچا (د) والد

2) غزل کو اردو کی آبرو کس نے کہا۔

(الف) بھائی (ب) ماموں (ج) چچا (د) والد

3) اردو میں کس شاعر کو علم رمل میں مہارت حاصل تھی؟

(الف) میر دردؔ (ب) شیفتہؔ (ج) مومنؔ (د) ذوقؔ

4) شاد عظیم آبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(الف) سید جعفر علی (ب) سید احمد علی (ج) سید علی محمد (د) سید محمد علی

5) کس شاعر کا تعلق حیدر آباد سے نہیں رہا؟

(الف) امیر مینائی (ب) داغ (ج) شاہ نصیر (د) ذوقؔ

6) سر سید نے اپنی کتاب پر تقریظ لکھنے کی خواہش کس شاعر سے کی تھی؟

(الف) شبلی (ب) غالب (ج) محمد حسین آزاد (د) شیفتہ

7) میر تقی میر کس کے عہد حکومت میں لکھنؤ پہنچے؟

(الف) سعادت علی خان (ب) آصف الدولہ (ج) واجد علی شاہ (د) اعظم علی خان

8) آتش کس کے شاگرد تھے؟

(الف) انشاؔ (ب) تصوف (ج) خارجیت (د) یاسیت

9) انشا کس بادشاہ کے دربار سے وابستہ تھے؟

(الف) فرخ سیر (ب) آصف الدولہ (ج) سعادت علی خان (د) آصف جاہ اول

10) ''غزل اور متغزلین'' کے مصنف کا نام بتایئے؟

(الف) عبادت بریلوی (ب) یوسف حسین خاں (ج) اختر انصاری (د) کامل قریشی

حصہ (ب)

پانچ سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم دوسو الفاظ پر مشتمل ہوں۔ **6 x 5 = 30**

1۔ ولی کے دیوان کی آمد سے شمالی ہند کے شعرا پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟ مثالوں سے واضح کیجیے۔

2۔ ناصر کاظمی کی غزلوں میں پیکر تراشی پر ایک نوٹ لکھیے۔

3۔ فانی کی غزلوں میں فلسفۂ موت وحیات کا تجزیہ پیش کیجیے۔

4۔ ترقی پسند غزل کی امتیازی خصوصیت بیان کیجیے۔

5۔ میر کی شاعری کو دل اور دلی کا مرثیہ کہا جاتا ہے۔ تبصرہ کیجیے۔

6۔ مجروح سلطانپوری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

7۔ غالب کے دیوان کی پہلی غزل کی تشریح کیجیے۔

8۔ کسی دو پر نوٹ تحریر کیجیے:

(الف) خورشید احمد جامی (ب) منیر نیازی (ج) شہریار (د) حسرت موہانی

حصہ (ج)

دو سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر جواب کم سے کم ایک ہزار الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ **15 x 2 = 30**

1۔ اردو غزل کے ارتقائی مراحل میں فیض احمد فیض کی شاعری پر روشنی ڈالیے۔

2۔ اقبال کی غزل گوئی کی انفرادیت کو مثالوں سے واضح کیجیے

3۔ دبستانِ دلّی اور دبستانِ لکھنؤ کے اختراقات و امتیازات کیا ہیں؟ مثالوں سے سمجھایے۔

4۔ مقدمہ شعر و شاعری میں غزل سے متعلق حالی کے نظریات پر تبصرہ کیجیے۔

☆☆☆